Jadid
Rahnumai-Tarjuma-Qawaid

PART III

(Approved by the U. P. Board for High School Examination)

جدید
رہنمائے ترجمہ و قواعد فارسی

حصّہ سوم

مُصنّفہٗ

شاہ رضی احمد قطبی

ALLAHABAD

RAM NARAIN LAL BENI MADHO

(Successors to : RAM NARAIN LAL)

BOOKSELLERS AND PUBLISHERS

Price Re

Revised Price Rs. 1/25p.

جدید

رہنمائے ترجمہ و قواعد فارسی

حصہ سوم

مصنفہ

شاہ رضی احمد قطبی

انٹر - کامل واڈوانس - معلم فارسی

ایچ - اے - وی ہائی اسکول کالا کانکر

لالہ رام نرائن لال بینی مادھو

پبلشرز و بکسیلرز

الہ آباد

۶۱ء

قیمت

نوساہت پریس الہ آباد میں باہتمام وجے کمار اگروال چھپی

بار اول سنہ ۱۹۴۱ء

بار دوم سنہ ۱۹۴۷ء

بار سوم سنہ ۱۹۵۶ء

بار چہارم سنہ ۱۹۶۳ء

بار پنجم سنہ ۱۹۶۸ء

ا-م

دیباچہ

عرصہ سے میرا ارادہ تھا کہ درجہ ہفتم۔ ہشتم۔ نہم و دہم اینگلو ورناکیولر اسکول کے لئے ایک عمدہ ترجمہ۔ قواعد و مضامین فارسی کی کتاب لکھوں۔ بحمد اللہ گذشتہ سال درجہ ہفتم و ہشتم کے لئے رہنمائے ترجمہ و قواعد فارسی حصہ اول و دوم مہربان و کرم فرمائے جناب **لالہ رام نرائن لال صاحب الہ آباد** نے طبع کرا دیا۔ ہر دو حصے مارکٹ میں بہت مقبول ہوئے۔

گذشتہ ہی سال اس کتاب کا تیسرا حصہ بھی طبع ہو جاتا لیکن بدلتے ہوئے نظام تعلیم کو دیکھ کر مجھے ذی علم اساتذہ فارسی نے یہ صحیح مشورہ و صلاح دی کہ تم ابھی کچھ دن ٹھہر جاؤ۔ آئندہ سال اس حصہ کو طبع کرانا۔ پرشین ٹرانسلیشن سنہ ۱۹۴۰ء کے نصاب میں کچھ تبدیلی ہو رہی ہے۔ واقعی ایسا ہی ہوا۔ غالباً ماہ فروری سال رواں میں انسپکٹر آف اسکول کے یہاں سے آرڈر آیا کہ سنہ ۱۹۴۰ء کے فارسی کے ترجمے پرچہ میں انگلش کے (Passages) (عبارت) کے بجائے اردو میں (Passages) آیا کریں گے اور ان کا ترجمہ فارسی میں طلبا کو کرنا

ہوگا۔ یہ بات پیش آئی جس کو معلوم کرنے کے لئے میں بہت پریشان تھا۔ خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ یہ سوال بھی حل ہو گیا۔

عرصہ پانچ سات سال سے دیکھ رہا ہوں کہ ہائی اسکول سکشن کے لئے کوئی عمدہ فارسی ترجمہ و مضمون کی کتاب نہیں ہے جس سے آئے دن طلباء کو ناکامیابی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے۔ اساتذہ کو بھی کلاس نوٹس تیار کرنے میں زحمتیں ہوا کرتی ہیں۔ پرانی چال کی جتنی کتابیں ہیں اُن میں مشقیں ناکافی ہوتی ہیں جو کہ ہائی اسکول کے ہر دو درجات کے لئے پوری ہوں۔ دوسرے یہ کہ ان میں اردو میں ترجمہ کے لئے (Passages) انگریزی میں ہوتے ہیں یہ وہ دقتیں ہیں جو آپ بیتی ہیں۔ لڑکے کسی نہ کسی طرح تو اپنا کام پورا کر لیتے ہیں۔ لیکن گھر کا کام جو طلباء کو دیا جاتا ہے طرح طرح کی دقتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پرائیویٹ امتحان دینے والے طلباء کو گوناگوں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کمزور بچے مصیبت میں پھنس جاتے ہیں۔ اسی خیال کو مدِنظر رکھ کر یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ اس کتاب کے استعمال سے کمزور سے کمزور فارسی کا طالب علم امتحان میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

خصوصیات کتاب:- (۱) اس کتاب کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں قواعد کے اصول بتائے گئے ہیں۔ پھر انھیں اصولوں پر ترجمہ کی مشقیں لکھی گئی ہیں۔ ہر مشق کے آخر میں فرہنگ بھی شامل ہے۔ ۳۷ مشقیں اردو سے فارسی میں ترجمہ کرنے کے لئے لکھی گئی ہیں۔

(۲) دوسرے حصے میں ۳۷ فارسی کے عمدہ (Passages) ہیں جو بہترین کتابوں اور امتحانات کے پرچوں سے چُنے گئے ہیں۔ ہر ایک کے آخر میں حل الفاظ دقیق بھی شامل ہے۔ اس حصہ میں بھی قواعد کے اُصول بتلائے گئے ہیں۔

(۳) تیسرے حصے میں مضمون کے لئے ۳۷ مشقیں لکھی گئی ہیں۔ پہلے مضمون لکھنے کی مثال دی گئی ہے پھر انھیں اصولوں کے مطابق مشقیں لکھی گئی ہیں۔

(۴) چوتھے حصے میں فارسی میں واحد جمع کا قاعدہ۔ ہفتہ کے دنوں کے نام۔ مہینوں کے نام۔ سال کے موسموں کے نام۔ سات ستاروں اور برجوں کے نام لکھے گئے ہیں۔ فارسی محاورات اور ان کا انگریزی میں ترجمہ لکھا گیا ہے۔

(۵) پانچویں حصہ میں گذشتہ پانچ سال کے ہائی اسکول کے ترجمہ و مضمون کے پرچے شامل کر دیئے گئے ہیں۔

اُن کرم فرمائے حضرات کا مشکور ہونا میرے لئے باعث فخر و عزت ہوگا جنھوں نے اپنے مفید مشوروں سے اس ناچیز کتاب کی تکمیل میں بڑی مدد دی۔ دو حضرات کا میں خاص طور سے مشکور ہوں۔ اور اُن کا نام اس کتاب کے لئے باعث عزت و فخر سمجھتا ہوں۔ پہلا نام نامی جناب ڈاکٹر سید زبید احمد صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ الہ آباد یونیورسٹی کا ہے۔ دوسرا اسم گرامی جناب خواجہ عبد الواحد صاحب ایم۔ اے۔ پروفیسر فارسی کرائسٹ چرچ کالج کانپور کا ہے۔ اِن ہر دو حضرات نے مجھے جس شفقت و محبت سے

بزرگانہ مشورے دیئے ہیں۔ میں اُن کا تاعمر مشکور رہوں گا۔

آخر میں اربابِ نظر سے التماس ہے کہ اس کتاب کو نظرِ امتحان سے محروم نہ رکھیں۔ ہر مفید مشورہ شکریہ کے ساتھ قبول کیا جائے گا اور اس کا آئندہ ایڈیشن میں خیال رکھا جائے گا۔

مؤلّف

حصّہ اوّل

۳۷ مشقیں اُردو سے فارسی میں ترجمہ کرنے
کے لئے مع حل الفاظ دقیق

حصّہ اوّل

عام طور سے دیکھا جاتا ہے کہ طلبہ ترجمہ میں افعال کے Tenses کی غلطیاں کرتے ہیں۔ ان کا مجمل بیان اس موقع پر بیجا نہ ہوگا۔ ان کا مفصّل بیان اِس کتاب کے پہلے حصّہ میں کیا جا چکا ہے۔

بلحاظ زمانہ فعل کی چھ قسمیں ہوتی ہیں: ماضی۔[۱] حال۔[۲] مستقبل[۳] مضارع۔[۴] امر[۵]۔ نہی[۶]۔

ماضی وہ فعل ہے جس میں زمانہ گذشتہ پایا جائے۔ جیسے رفت ماضی کی چھ قسمیں ہوتی ہیں۔ مطلق[۱] قریب[۲]۔ بعید[۳]۔ احتمالی[۴]۔ تمنائی وشرطی[۵] ناتمام[۶]۔ ماضی مطلق وہ فعل ہے جس میں زمانہ گذشتہ بے قید پایا جائے۔ جیسے رفتن سے رفت۔ گیا۔

ماضی بعید وہ فعل ہے جس میں دور کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔ جیسے رفتن سے رفتہ بود۔ گیا تھا۔ ماضی احتمالی یا شکّی۔ وہ ماضی ہے۔ جس سے زمانہ گذشتہ میں کام کے واقع ہونے میں شک پایا جائے۔ جیسے رفتہ باشد۔ گیا ہوگا۔

ماضی تمنائی یا شرطی۔ وہ فعل ہے جس کے ہونے کی آرزو یا شرط زمانہ گذشتہ میں پائی جائے جیسے آمدن سے آمدے۔ وہ آتا۔

ماضی ناتمام یا استمراری وہ فعل ہے جو زمانہ گذشتہ میں تمام نہ

ہوا ہو۔ جیسے می آمد۔ وہ آتا تھا۔

نمونہ ترجمہ

موہن نے کہا اور سوہن نے مان لیا۔	موہن گفت و سوہن باور کرد۔
کریم مر گیا اور اپنا لڑکا چھوڑ گیا۔	کریم مرد و پسر بگذاشت۔
صفدر آیا اور اس کے بعد چلا گیا۔	صفدر آمد و بعد ازیں رفت۔
سعدی نے کیا اچھا کہا ہے۔	سعدی چہ خوش گفتہ است۔
سوہنی آئی ہو گی۔	سوہنی آمدہ باشد۔
اگر کریم آتا تو بہتر ہوتا۔	گر کریم آمدے خوب شدے۔
ایک بادشاہ جنگل سے گزر رہا تھا۔	بادشاہے از صحرا می گذشت۔

مشق اوّل

فارسی میں ترجمہ کرو :۔

جو ہا گیا۔ موہن کا بھول کُھلا گیا ہے۔ جب اس جگہ پہنچا چور بھاگ گیا تھا۔ اُس کا باپ آیا ہو گا۔ کاش میں آتا۔ کاش میری ماں مجھے دودھ نہ پلاتی۔ میرے دوست نے مجھے خط لکھا ہو گا۔ تمھارے مکان کی بنیاد کس نے رکھی تھی؟ وہ شاید میری باتوں کو بھول گیا ہو گا۔ اُس شخص نے بہت مال جمع کیا تھا۔ لیکن چور چُرا لے گیا۔ تم مدرسہ کیوں نہیں گئے۔ نیک آدمیوں نے کیا اچھا کہا ہے۔

حل الفاظ دقیق

کُھلا گیا ہے = پژمردہ است	بھاگ گیا تھا = گریختہ بود
دودھ نہ پلاتی = شیر نہ دادے۔	بھول گیا ہو گا = فراموش کردہ باشد

مستقبل وہ فعل ہے جس میں زمانہ آئندہ پایا جائے جیسے آمدن سے خواہد آمد۔ مضارع وہ فعل ہے جس میں زمانہ موجود یا آئندہ پایا جاوے جیسے آمدن سے آید۔ مضارع کی دو قسمیں ہیں۔ مضارع مطلق مضارع دوامی۔ مضارع دوامی وہ ہے جس میں زمانہ موجودہ یا آئندہ ہمیشگی کے ساتھ پایا جاوے۔ می یا ہمی ماضی احتمالی کے پہلے زائد کریں جیسے می آمدہ باشد۔ وہ آتا رہے۔ فعل حال وہ ہے جس میں زمانہ موجودہ پایا جاوے جیسے می آید۔ فعل امر وہ فعل ہے جس سے کام کرنے کا حکم زمانہ موجودہ یا زمانہ آئندہ میں پایا جاوے۔ غائب و متکلم مضارع و امر کے صیغے یکساں ہوتے ہیں۔ صرف واحد حاضر کی "می" امر میں گر جاتی ہے۔ جیسے کنی سے کُن۔

امر دوامی کبھی امر مطلق واحد حاضر کے پہلے می لگنے سے بنتا ہے جیسے می کن۔

"نہی" وہ فعل ہے جس سے کام نہ کرنے کا حکم زمانہ موجودہ یا زمانہ آئندہ میں پایا جاوے جیسے آمدن سے میا۔ میائید۔

مشق دوم

اگر لومڑی کے شکار کو تو جاتا ہے تو شیر کا سامان کر۔ مشک وہ ہے جو خود خوشبو دے نہ کہ اسے عطار کہے۔ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ درجہ میں متوجہ ہو کر میری باتوں کو سنا کرو۔ یہ کیا کرتے ہو۔ اس کو مت کرو۔ اگر تم کل آجاؤ گے تو میں چلوں گا۔ ہم دل و جان بادشاہ پر قربان کرتے ہیں۔ بارش اکثر بے موقع ہوتی ہے ایسی

مت کہو جو اوروں کو بُری معلوم ہو۔

حل الفاظ دقیق

لومڑی = روباہ
بُری معلوم ہو = زشت نماید
بے موقع = بے محل

مت کر = مکن
خود خوشبو دے = خود بوید
بارش = باراں

اقسام مرکب ناقص

اضافی۔ توصیفی۔ امتزاجی۔ عددی۔ عطفی۔

مرکب اضافی۔ وہ ہے جو مضاف اور مضاف الیہ سے مل کر بنے۔ جیسے پسرِ زید۔

مضاف۔ وہ اسم ہے جس کا کسی دوسرے اسم سے لگاؤ یا تعلق ہو۔ مضاف الیہ وہ اسم جس کے ساتھ لگاؤ پایا جاوے جیسے لجامِ اسپ میں لجام مضاف ہے اور اسپ مضاف الیہ۔

علامت کے لحاظ سے اضافت کی تین قسمیں ہیں۔ مستوی۔ فکِ اضافت۔ مقلوبی۔

(۱) مستوی وہ ہے جس میں اضافت پہلے آوے اور اس کے آخر میں کسرہ ہو۔ جیسے پسرِ زید۔

(۲) فکِ اضافت میں بھی مضاف پہلے آتا ہے مگر بیلے کسرہ جیسے دلی عہد۔ قائم مقام۔

(۳) اضافت مقلوبی وہ ہے جو مستوی کی اُلٹی ہو یعنی مضاف

مضاف الیہ کے بعد میں آئے اور بے کسرہ ہو جیسے غریب آشنا۔ ملک زادہ۔

معنی کے خیال سے اضافت کی دس قسمیں ہوتی ہیں۔ ابنی۔ تخصیصی۔ توضیحی۔ بیانی۔ تملیکی۔ ظرفی۔ اقترانی۔ بادنی ملابست۔ تشبیہی۔ مجازی۔

(۱) اضافت ابنی وہ ہے جس میں مضاف اِبن (لڑکا) اور مضاف الیہ اَبْ (باپ) ہو اور لفظ اِبن مذکور نہ ہو۔ جیسے ابراہیم اَدہم۔ ابراہیم آذر۔ موسیٰ عمران۔

(۲) اضافت تخصیصی وہ ہے جس میں مضاف خاص ہو جائے۔ جیسے زینِ اسپ۔

(۳) اضافت توضیحی وہ ہے جس میں مضاف واضح ہو جائے۔ جیسے شہر بنارس۔

(۴) اضافت بیانی وہ ہے جس میں مضاف الیہ مضاف کا مادّہ ہو۔ جیسے دیوارِ گل۔ خاتم طلا۔

(۵) اضافت تملیکی وہ ہے جس میں مضاف مِلک ہو جیسے کتاب رستم

(۶) اضافت ظرفی وہ ہے جس میں مضاف مظروف اور مضاف الیہ ظرف ہو۔ آبِ چاہ۔

(۷) اضافت اقترانی وہ ہے جس میں مضاف اور مضاف الیہ میں نزدیکی کے معنی ہوں جیسے نامۂ عنایت۔

(۸) اضافت بادنی ملابست وہ ہے جس میں مضاف سے

مضاف الیہ کو بہت کم تعلق ہو۔ جیسے بنارس ما۔ مدرسہ شما۔

(۹) اضافت تشبیہی وہ ہے جس میں مشبہ بہ کی اضافت مشبہ کی طرف ہو۔ یعنی مضاف مشبہ بہ اور مضاف الیہ مشبہ ہو۔ جیسے سفائے آب۔

(۱۰) اضافت مجازی یا استعارہ وہ ہے جس میں مضاف لوازم مشبہ بہ میں سے کوئی لازم ہو اور مضاف الیہ مشبہ ہو۔ جیسے مرغِ فکر۔ قدم ہمت۔ پائے فلک۔ پنبۂ غفلت۔

مشق سوم

بعض خیر اندیشوں نے شب خون کی صلاح دی۔ لیکن اُسکی ہمتِ عالی کب مانتی تھی۔ فوراً کوس جنگ بجوایا۔ سابرمتی ندی بیچ میں حائل تھی۔ سب سے پہلے بادشاہ نے اپنا گھوڑا ڈالا۔ پھر کس کو تاب تھی جو توقف کرتا۔ غرض پار اُتر کر جنگ عظیم کے بعد دشمن کو اُسی روز بھگا دیا۔ اور مرزا عزیز کو تہ غہ سے چھڑایا۔ نسیم سحری سے کلیاں کھلتی ہیں۔ گل نیلوفر نہایت خوبصورت پھول ہوتا ہے۔ دریائے گنگا کا پانی شیریں ہوتا ہے۔ بعض کنوئیں کا پانی اچھا نہیں ہوتا۔ میری جستجو کی آنکھ راستہ میں اُسکی متلاشی رہتی ہے۔

حل الفاظ دقیق

کوس جنگ بجوایا = کوس جنگ درکوفت
گھوڑا ڈالا = اسپ انداخت
کنواں = چاہ

کلیاں = غنچہا
چھڑایا = رہائی داد
بھگا دیا = ہزیمت داد

مشق چہارم

ایک دفعہ ایک شیر جال میں پھنس گیا۔ ایک چوہے سے اُسکی گہری دوستی تھی۔ وہ آکر جال کُترنے لگا۔ شیر بولا بھائی! یہ مصیبت کا جال تجھ سے کس طرح کُترا جائے گا؟ کہا اے بادشاہ! جو کام ہمت اور استقلال سے ہوتا ہے وہ زور اور قوت سے کبھی نہیں ہو سکتا۔ غرض چوہے نے جا بجا جال کُتر ڈالا۔ پھر جو شیر نے تڑپ کر زور کیا صاف باہر تھا۔

حل الفاظ دقیق

پھنس گیا = گرفتار شد	کُترنا = بُریدن
صاف باہر تھا = بکلی بیروں بود	چوہا = موش
تڑپ کر = جستہ	جال = دام

مشق پنجم

دو دن راستہ طے کرنے کے بعد دونوں آدمی افراسیاب کے باغ کے قریب پہنچے اور بے تکلف باغ میں گھس گئے۔ یہ زنانہ باغ تھا۔ افراسیاب کی لڑکی منیژہ اپنی سہیلیوں کے ساتھ اُس باغ میں موجود تھی۔ باغ بہت بڑا تھا۔ اور ہر قسم کے درختوں پھولوں سے آراستہ تھا۔ جا بجا نہریں جاری تھیں۔ خوش نما آبشار تھے۔ نفیس نفیس عمارتیں تھیں۔ غرض ہر قسم کا سامان تفریح موجود تھا۔

حل الفاظ دقیق

راستہ = راہ
پہونچے = رسیدند
باغ = گلشن

گھس گئے = داخل شدند
سہیلیاں = خواصہا
عمارتیں = عمارتہا

موجود تھی = حاضر بود
نہریں = انہار
پھول = گل

مشق ششم

راستہ میں مجھے ایک گورخر دکھائی دیا کہ ایسا خوبصورت گورخر میری نگاہوں سے کبھی نہیں گزرا۔ اُس کے تمام بدن پر نہایت خوشنما گل بوٹے تھے اور اُس کی دُم شعاع آفتاب کی طرح چمک رہی تھی۔ بیژن نے اس کے پیچھے اپنا گھوڑا ڈالا۔ میں چلاتا رہا کہ یہ گورخر نہیں کوئی آسیب معلوم ہوتا ہے لیکن بیژن کی ضد سے آپ واقف ہیں وہ کب سُننے والا تھا۔

حل الفاظ دقیق

میری نگاہوں سے کبھی نہیں گزرا = از نگاہ ہائے من گاہے نہ گزشت۔

بدن = جسم | چمک رہی تھی = می تافت

مرکب توصیفی وہ ہے جو صفت اور موصوف سے مل کر بنے۔ جیسے مرد بدخو۔

مرکب امتزاجی وہ اسم ہے جو دو کلموں سے مل کر بنے۔ جیسے گفتگو۔ محمد علی۔ غمگین۔

مرکب عددی وہ ہے جو عدد اور معدود سے مل کر بنے۔ جیسے چہار کس۔ پنج روپیہ۔

مشق ہفتم

صاف ستھری ہوا پر زندگی کا انحصار ہے۔ انسانی صحت اور قوت کے لئے شہر میں صاف اور لطیف فضا ازبس ضروری ہے دھواں فضا کو کثیف اور مکدر کر دیتا ہے۔ جس سے اندھیرا اور دھندلکا پیدا ہو جاتا ہے۔ سورج کی روشنی ماند ہو جاتی ہے اور کرہ ہوائی میں ایسے مضر عنصر کا غلبہ ہو جاتا ہے جو سانس لینے سے مختلف بیماریاں پیدا کرتا ہے۔

حل الفاظ دقیق

دھواں = دود۔
ماند = تیرہ۔
دھندلکا = تاریکی۔
بیماریاں = امراض۔

مشق ہشتم

فتح خاں کو شکار کا بہت شوق تھا اور اس فن میں وہ اتنا مشاق تھا کہ اگر کوئی چڑیا پتوں کی اوٹ میں بھی ہو تو وہ اسے اپنے تیر کا نشانہ بنا لیتا۔ اس کی آنکھیں باز سے بھی زیادہ تیز تھیں۔ کوئی دن ایسا نہیں گزرتا تھا جب اس کے تھیلے میں شکار کی چڑیاں نہ بھری ہوں۔ بعض دن دوستوں کے اصرار پر وہ مچھلی کا شکار بھی کھیل لیتا۔

اس طرح وہ اپنے زندگی کے دن عیش و آرام سے بسر کرتا۔

حل الفاظ دقیق

عیش و آرام = عیش و راحت۔ پتوّں کی اوٹ میں = در پسِ برگہا
تیز = روشن۔ پتوّں کے اوٹ میں = پسِ برگہا

مشق نہم

اگر غور کرو تو بولنا اور بات کرنا اتنا ضروری نہیں جتنا کہ ہم لوگ رات دن بلا ضرورت اور بے حاجت بکا کرتے ہیں۔ پس بے ضرورت بات کرنا عقلمندوں کا شیوہ نہیں۔ کوئی پوچھے تو جواب دو تم کو خود حاجت ہو تو بولو کیونکہ گفتگو میں اس سے زیادہ بولنا بے فائدہ ہے۔ گفتگو میں چغلی اور غیبت یا بدی کے ساتھ دوسرے کا تذکرہ کرنا اور جھوٹ بولنا یا فحش بکنا بڑے درجے کے عیب ہیں۔ احتیاط کرو کہ تمہاری گفتگو ان عیبوں سے پاک ہو۔

حل الفاظ دقیق

بات کرنا = حرف زدن۔ عیبوں = عیوب
بلا ضرورت = بے حاجت جھوٹے = دروغ
بکنا = بیہدہ گفتن، یاوہ گوئی۔ بکا کرتے ہیں = ہرزہ سرائی می کنند

مشق دہم

کسی جنگل میں ایک بڑا نادرخت تھا۔ اُس کی جڑ میں ایک

ہوشیار چوہے نے اپنا بل بنا رکھا تھا اُس کے آس پاس ایک بلّی رہتی تھی۔ جنگل میں بہت سے شکاری شکار کھیلنے آتے اور جال لگاتے تھے۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ ایک شکاری نے جال پھیلایا اور جال میں چھوٹا سا گوشت کا ٹکڑا باندھ دیا۔ بلّی تو گوشت پر جان دیتی ہے بو پاتے ہی لپکی۔ ابھی گوشت کھایا بھی نہ تھا کہ جال میں پھنسی اور خود شکار ہو گئی۔

حلِ الفاظ دقیق

جنگل = صحرا	بل = سوراخ	بلّی = گربہ
پرانا = قدیم	شکاری = صیّاد	جان دیتی ہے = شیدا است۔
جڑ = بیخ	جال = دام	چھوٹا سا ٹکڑا = پارچہ خرد۔

مشق یازدہم

دوسرے روز رستم پھر اُسی دشت میں پہنچا۔ دیو گورخر کی صورت میں ظاہر ہوا۔ رستم نے اُس سے کہا کہ یہ کیا نامردی ہے کہ سوتے میں انسانوں کو پریشان کرتا ہے اگر مرد ہے تو آ کر حریفانہ جنگ کر۔ دیو طیش میں آ کر رستم کے سامنے آیا۔ رستم نے کمند میں پھنسا کر جھٹکا دیا تو دیو منہ کے بل گر پڑا۔ رستم نے اُس کے سر پہ ایک گرز گاہ شکن ایسا مارا کہ دیو کا سر پھٹ گیا۔

حلِ الفاظ دقیق

ظاہر ہوا = پدید آمد۔ ظاہر شد۔	کمند میں پھنسا کر = در کمند گرفتہ۔
سوتے انسان = مردمان خفتہ۔	منہ کے بل گر پڑا = سرنگوں شد۔

مشق دوازدہم

مہابت خاں کا اثر اور زور بڑھتے دیکھ کر نورجہاں اُس سے حسد کرنے لگی۔ دربار میں بلا کر اس کے ساتھ بہت غیر مناسب برتاؤ کیا گیا۔ اس لیے ۱۶۲۶ء میں جب جہانگیر کابل جا رہا تھا مہابت خاں نے اسے گرفتار کر لیا۔ وہ نورجہاں کی گرفتاری کے بھی درپے تھا لیکن اپنے اس ارادے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ نورجہاں نے آصف خاں کو بہت بُرا بھلا کہا اور لڑائی کی تیاری کی۔ مگر مہابت خاں کے بہادر راجپوتوں کے مقابلہ میں شاہی لشکر نہ ٹھہر سکا اور نورجہاں بھی مہابت خاں کے قبضے میں آ گئی۔

حل الفاظ دقیق

زور = طاقت	گرفتار کر لیا = اسیر گردانید
غیر مناسب = زشت	ٹھہر نہ سکا = مقابلہ نتوانست کرد۔
بُرا بھلا = خوب و زشت لعن وطعن	قبضہ میں آ گئی = در دست افتاد

مشق سیزدہم

سلطان محمود غزنوی کا ایک غلام تھا۔ ایاز نام۔ بڑا ہوشیار۔ وفادار۔ نیک دل۔ بے طمع اور باادب۔ اِن اوصاف کی وجہ سے سلطان اس کی اسقدر عزت کرتا کہ امیروں وزیروں کو بھی اُس پر رشک آتا تھا۔ یہاں تک کہ یہ شکایت سلطان کے بھی گوش گزار ہوتی کہ

ایک غلام کی اتنی خاطر داری سب کو ناگوار ہے۔ سلطان نے فرمایا اچھا اس کا جواب کسی موقع پر دیا جائے گا۔

حل الفاظ دقیق

رشک آتا تھا = رشک می آمد | عزت کرنا = وقعت می کرد

کسی موقع پر دیا جائے گا = بہ موقع مناسب خواہم داد۔

مشق چہارم

ابھی سُستانے بھی نہ پایا تھا کہ یکایک ایک زور شور کی آندھی اُٹھی۔ بجلی کی کڑک، چمک اور بادلوں کے گھور گرج کے ساتھ ایک سخت طوفان نے اُس کو گھیر لیا۔ باز ندہ کو کوئی جائے پناہ نہ ملی۔ درختوں کی شاخوں اور پتوں میں چھپ ہزار خرابی سے وہ رات بسر کی۔ صبح ہوئی تو پھر اُڑا۔ اب سوچتا تھا کہ وطن کو پھر چلے۔ کبھی کہتا تھا کہ جب ارادہ کیا ہے تو چند روز اور کیفیت سفر دیکھنی چاہیئے۔

حل الفاظ دقیق

سستانا = آرام کردن | گھیر لیا = محیط شد۔

بجلی کی کڑک اور چمک = صاعقہ و رعد | گرج پیدا کرنے والی بجلی = برق

جملہ کے دو جز ضروری ہوتے ہیں۔ مسند[۱] - مسند الیہ[۲] (۱) مسند Predicate وہ ہے جس کی نسبت کسی اسم کے ساتھ کی جاوے۔ (۲) مسند الیہ (Subject) وہ ہے جس کی طرف نسبت کی جاوے۔

جیسے کریم رفت۔ کریم مسند الیہ اور رفت مسند ہے۔ اسم مسند اور مسند الیہ دونوں ہو سکتا ہے۔ لیکن مسند صرف فعل ہو سکتا ہے۔

جملہ فعلیہ وہ ہے جو اسم اور فعل سے مل کر بنے۔ جیسے فتح خاں رفت۔ موہن آب آورد۔

مشق پانزدہم

جہاز پر سوار ہونے کے بعد میرے غلط اندازے بیجح ثابت ہوئے۔ پانی کی مہیب وسعت، موجوں کی ڈراونی چھلانگیں آندھی کی پرشور صدا اس پر ہولناک تاریکی چاروں طرف چھائی ہوئی۔ غرض اس طرح کے حالات میں ہمارا جہاز فیل مست کی مانند ایک طرف کو چلنے لگا۔ اس طوفان بلا خیز اور ورطہ آفت انگیز میں پانی کا ہر ایک کنگرہ داعی اجل اور موج کا ہر ایک تھپیڑا قضا کا قاصد بنا ہوا نظر آتا تھا۔

حل الفاظ دقیق

جہاز = کشتی | چھلانگیں = تگ و دو

مشق شانزدہم

لندن پہنچ کر میں نے فوراً ہی اپنی گذشتہ زندگی کے حالات تحقیق کرنے شروع کر دیئے مگر کام اتنا سہل نہ ثابت ہوا جتنا میرا خیال تھا۔ ہر قدم پر نئی نئی مشکلات کا سامنا ہوتا تھا۔ مگر ایک بات کا لندن پہنچتے ہی پورا یقین ہو گیا۔ اس دس سال کے عرصہ میں

میری صورت بالکل ہی بدل گئی تھی۔ کیونکہ میرے دوستوں میں سے کوئی بھی مجھ کو شناخت نہ کر سکا۔

حل الفاظ دقیق

سہل = آسان	بدل گئی تھی = تبدیل گشتہ بود

مشق ہفت دہم

رُستم نے کچھ روٹیاں اور مُرغ مسلّم کے کباب منیژہ کو دیئے اور اُس کباب میں اپنی ایک انگوٹھی بھی رکھ دی۔ منیژہ وہ کھانا لے کر کنوئیں کے پاس آئی اور حسب معمول بیژن تک اُسکو پہنچایا۔ بیژن نے اُس کھانے کو دیکھ کر کہا کہ آج یہ نعمت تم کو کہاں سے ملی منیژہ نے مفصّل قصّہ رُستم کا بیان کیا۔ جب بیژن کھانا کھانے لگا تو اُس کو انگوٹھی دکھائی دی۔ انگوٹھی پہچان کر اُس نے ایک خوشی کا نعرہ بلند کیا۔

حل الفاظ دقیق

روٹی = نان	کھانا = طعام	پہچان کر = شناختہ
انگوٹھی = انگشتری	خوشی = شادمانی	خوشی کا نعرہ = نعرہ مسرّت

مشق ہیژدہم

فارسی کا ایک مصرع ہے: "اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا شدی"۔ کتنی پختہ اور تجربہ پر مبنی بات کہی گئی ہے وہ لوگ کتنے خوش اور

مطمئن ہیں جو جہالت اور نادانی کی تاریکی میں مبتلا ہیں۔ نہ انھیں کوئی چیز نظر آتی ہے نہ انھیں پریشانی ہوتی ہے۔ وہ جس حال میں بھی ہیں خوش ہیں۔ مصیبت تو اُن کے لئے ہے جو نیک اور بد کو سمجھتے ہیں۔ جنھیں تہذیب، اخلاق، سیرت و کردار کا پاس و لحاظ ہے۔

حل الفاظ دقیق

کوئی چیز = چیزے | پریشان کرتی ہے = پریشان می آرد

۳ ترکیب نحوی میں فعل چار قسم کے آتے ہیں۔ لازم - ناقص متعدی معروف - متعدی مجہول۔

(۱) فعل لازم صرف فاعل سے مل کر جملہ بناتا ہے۔ جیسے کریم آمد

(۲) فعل ناقص۔ اسم و خبر سے مل کر جملہ بناتا ہے۔ جیسے کریم مجنوں شد۔

(۳) فعل متعدی معروف، فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ پورا کرتا ہے۔ جیسے دلاور شمشیر آورد۔

(۴) فعل متعدی مجہول صرف مفعول (مالم یسم فاعلہ) سے مل کر جملہ ہوتا ہے۔ جیسے دُزد گرفتہ شد، درس خواندہ شد۔

جملہ اسمیہ وہ ہے جس میں مسند اور مسند الیہ دونوں اسم ہوں اور حرف ربط دونوں کو ملاتا ہو۔ جیسے زید عالم است۔ اس میں زید مسند الیہ اور عالم مسند۔ است حرف ربط۔ جملہ اسمیہ میں مسند الیہ کو مبتدا Subject اور مسند کو خبر یا Complement کہتے ہیں اور است حرف ربط ہے۔

ندائیہ۔ جملہ ندائیہ وہ ہے جو دو جملوں ندا اور جواب ندا سے مل کر بنے۔ جیسے اے موہن بیا۔

ندبیہ۔ جملہ ندبیہ وہ ہے جس میں ندبہ ہو۔ جیسے وا زیدا۔

مشق نوزدہم

ہندوستان قدیم زمانہ کی تاریخ دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے بزرگ تندرست اور طویل العمر ہوتے تھے۔ ہم جوں جوں اصول حفظان صحت کی خلاف ورزی کرنے لگے۔ ہماری عمر کم ہونے لگی ہم اچھے سے اچھا اور لذیذ کھانا کھانے کی پیز صحت کے لئے نقصان دہ ہے اور کون سی فائدہ مند۔ صرف ذائقہ کے لئے ہم ثقیل سے ثقیل غذا کھا لیتے ہیں۔

حل الفاظ دقیق

پتہ چلتا ہے = معلوم می شود	کم ہونے لگی = کوتاہ شدن گرفت

مشق بستم

کل شب کو منور سے مجھ سے گفتگو ہوئی۔ پوری چاندنی رات تھی اور باغ کی دلفریب اور ولولہ انگیز فضائیں موسم بہار کی ہلکی ہلکی خوشبو سے بسی ہوئی ہوا چل رہی تھی۔ میں دھڑکتے ہوئے دل سے آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا باغ کی طرف چلا۔ اُس وقت کی

میری حالت نہ پوچھو۔ معلوم ہوتا تھا کہ کسی افسوں کے اثر سے بے اختیار ہوا جا رہا ہوں۔ از خود رفتگی طاری ہوتی جا رہی ہے باغ میں کچھ دور جا کر ماہ منور نظر آیا۔ وہ بیلا کے ایک پودے سے کھیل رہا تھا۔

حل الفاظ دقیق

گفتگو ہوئی = گفتگو کردیم	دھڑکتے ہوئے دل = دل طپاں
پوری چاندنی رات تھی = شب ماہ تمام بود	بے اختیار = بے قابو

مشق بست و یکم

کلایو بڑا دلبر اور بارعب شخص تھا۔ اُس کی دانشمندی اور ہوشیاری اس کے کاموں سے ظاہر ہوتی ہے وہ بڑا جوانمرد تھا۔ لڑائی کے وقت اہم سے اہم مشکل پیش آنے پر گھبراتا نہ تھا۔ حالانکہ اس نے کبھی جنگی تعلیم نہ پائی تھی لیکن ہمیشہ جہاں دیدہ سپہ سالاروں کی طرح کام کیا کرتا۔ اس کا ذہن بڑا تیز تھا۔ وہ اس بات کو فوراً معلوم کر لیتا تھا کہ مجھے کیا کرنا چاہیے۔

حل الفاظ دقیق

ظاہر ہوتی ہے = پدید می شود۔	نہ پائی تھی = نگرفتہ بود۔
گھبراتا نہ تھا = سراسیمہ نمی شد۔	مجھے کیا کرنا چاہیئے = مرا چہ باید کرد۔

امتحانی مشق

مشق بست و دوم

اے میرے بھولے بھالے بچپن! تجھے اپنی معصومیت کی قسم۔ تو سچ بتا کہ اس قدر جلد مجھ سے کیوں خفا ہو گیا؟ مجھے تنہا چھوڑ کر کہاں چلا گیا۔ کائنات کے کن پردوں میں روپوش ہو گیا؟ کتاب زندگی کے نہ جانے کتنے ورق اُلٹ ڈالے۔ منزل حیات کی نہ معلوم کتنی مسافتیں طے کر ڈالیں اور دریائے زیست کی نہ معلوم کتنی گہرائیوں تک پہنچنے کی کوشش کی مگر تیرا نشان کہیں نہ ملا۔ تیری جستجو میں، تیری تلاش میں، تمام قوتیں صرف ہو گئیں۔ تمام کاوشیں سرد پڑ گئیں، جذبات مٹ گئے۔ تمنائیں برباد ہو گئیں۔ مگر جب بھی تجھے میں نہیں پاتا۔ کو کو کی صدائیں میں، خزاں اور بہاریں، ربط و گل و خاریں، ہر چیز میں تجھے تلاش کیا مگر تیرا سراغ نہ ملنا تھا نہ ملا۔

حل الفاظ دقیق

سچ بتا = راست گو۔ | ہر چیز = ہر شے۔

اُلٹ ڈالے = گرداندم۔ | نہیں ملتا تھا = یافتہ نمی شود۔

جملہ دعائیہ وہ ہے جو دعا ہو۔ جیسے جہان آفریں بر تو رحمت کناد۔

جملہ قسمیہ وہ ہے جو قسم اور جواب قسم سے مل کر بنے۔ جیسے بخدا خواہم آمد۔

جملہ معطوفہ وہ ہے جو معطوف علیہ اور معطوف سے مل کر بنے۔ جیسے موہن خواہد آمد و تلمیذ اش خواہد آورد۔

جملہ معللہ وہ ہے جو معلول اور علت سے مل کر بنے۔ جیسے از آنجا باز آمدم که خوف رہبزناں بود۔

جملہ شرطیہ وہ ہے جو شرط اور جزا سے مل کر بنے۔ جیسے اگر بندہ سر بدین در بنہ

جملہ مفسرہ وہ ہے جو دو جملوں اور حرف تفسیر سے مل کر بنے۔ جیسے ایں جانشیں یعنی ازیں جا بمرو۔

مشق بست و سوم

شام کا وقت تھا۔ آفتاب غروب ہو جانے کے بعد زمین نے اپنے منہ پر تاریکی کی سیاہ نقاب ڈال لی تھی۔ رات کی شہزادی تاریکیوں کا جھنڈا لہراتی اطراف عالم میں مشک و عنبر بکھیر رہی تھی اور بھینی بھینی ہوا کے جھونکے مشام روح میں عطر افشانی کر رہے تھے۔ میں شہر کے ایک بارونق بازار سے گزر رہا تھا کہ سامنے سے ایک خوبصورت چھوٹی گاڑی مناسب رفتار سے چلی آتی دکھائی دی۔ ایک حور وش نازنین اُس کو چلاتی تھی اور گھوڑا ہر چند شہ زور تھا تاہم وہ اس پر اچھی طرح قابو پائے ہوئے تھی ناگہاں ایک موٹر اندھا دُھند رفتار سے اُس کے عقب سے آتے ہوئے دکھائی دی۔

حل الفاظ دقیق

شام کا وقت = وقت غروب آفتاب

عنبر بکھیر رہی تھی = عنبر بیزی می کرد۔

موٹر = کالسکہ برقی۔

ڈالی تھی = انداختہ بود۔

بھینی بھینی ہوا = نرمک نرمک نسیم۔

گاڑی = کالسکہ۔

مشق بست و چہارم

رات کا آخری حصہ تھا۔ تارے جھلملا رہے تھے۔ ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ سنسان سڑک پر کبھی کبھی کتوں کے بھونکنے کی آواز آتی تھی۔ سڑک کے ایک جانب گھنے درختوں کی قطار اور دوسری تفریح گاہ عام تھی۔ اس کے متصل ایک عالیشان اور خوبصورت عمارت تھی جس کے شیشے کی کھڑکیوں سے روشنی چھن چھن کر باہر آرہی تھی۔

(ب) آخر اس طرح ایک عرصہ تک انتظار کرتے کرتے میری طاقت شکیبائی جواب دینے لگی۔ میرے صبر کا ایک دن پھل مل گیا۔ شام کا وقت تھا۔ سورج کی زرد کرنیں مرجھائے ہوئے پھولوں سے گلے مل کر رخصت ہو رہی تھیں۔ ہوٹل کی چھت پر بیٹھا ہوا سگار کے کش لگا رہا تھا۔ درخت چپ چاپ کھڑے تھے۔ پرندوں کی راگنیاں رفتہ رفتہ کم ہونے لگی تھیں۔ اتنے میں ہوٹل کا ایک نوکر ایک آدمی کو ساتھ لے کر آیا جو مجھ سے ملاقات کرنا چاہتا تھا۔

حل الفاظ دقیق

انتظار کرتے کرتے = انتظار کشیدن
ملاقات کرنا چاہتا تھا = می خواست کہ ملاقات کند۔

پھل = ثمر۔
پرندوں = طیور۔
ہوٹل = ہوتل۔
نوکر = خادم۔

مشق بست و پنجم

مسافروں کے آرام کے لئے شیر شاہ نے سڑکیں بنوائیں ان کے کنارے کنارے درخت لگوائے۔ سرائیں بھی بنوائیں۔ جہاں مسافروں کو ہر طرح کی چیزیں مل سکتی تھیں۔ اگر کوئی راہ گیر واستے میں مر جاتا تو اس کا مال و اسباب اس کے وارثوں کو دے دیا جاتا تھا۔ بادشاہ غریبوں کا بڑا خیال رکھتا تھا جب اس کی فوج چھاؤنی سے باہر جاتی تو اس کا حکم تھا کہ زراعت کو کسی طرح سے نقصان نہ پہونچے۔ اگر کسی کاشتکار کا نقصان بھی ہو جاتا تو سرکار اس کا معاوضہ دیتی۔ شیر شاہ نے تعلیم کی اشاعت میں ترقی دی جگہ جگہ مدرسے کھلوائے اور طلبار کو وظیفے دیئے۔

حل الفاظ دقیق

سڑکیں = شاہراہ ہا
سرائیں = مہمان سرائے ہا
لگوانا = نصب کردن
نقصان = زیان
وارثوں = ورثاء

درخت = اشجار
کنارے = کنار
مرجاتا = فوت می شد۔
چھاؤنی = لشکر گاہ۔

جملہ تشبیہہ وہ ہے جس میں تشبیہہ ہو۔ جیسے ہر سطر سے جوں موج دریا اسپ۔

جملہ تمنائیہ وہ ہے جس میں آرزو پائی جائے۔ جیسے مرا

اے کاشکے مادر نمی زاد۔ اے کاش کے حرف تمنا۔ نمی زاد فعل متعدی مادر فاعل۔ مرا مفعول بہ۔

جملہ استفہامیہ وہ ہے جس میں سوال پایا جائے۔ جیسے کجا می روی؟

مشق بست و ششم

ایک روز مسیح کو اُس کے کان میں آواز آئی کہ کوئی شخص رو رہا ہے اور فریاد کر رہا ہے کہ خداوند تو نے مجھ کو بہت بڑی سلطنت عطا کی دنیا کے بادشاہ میری شان و شوکت پر رشک کرتے تھے سرکشان جہاں میرا نام سُن کر ڈرتے تھے۔ دنیا کا کوئی عیش ایسا نہ تھا جو مجھے میسر نہ ہوا ہو۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ میری جانب آنکھ اُٹھا کر دیکھے یا آج میری یہ حالت ہے کہ فقیر اور ٹکڑ گدے بھی مجھ سے بہتر ہیں۔ اپنے جھونپڑوں میں رہتے تو ہیں۔ مجھ کو تو کہیں بھاگ جانے کی بھی راہ نہیں ملتی۔

حل الفاظ دقیق

کان میں آواز آئی = در گوشش صدا آمد

ڈرتے تھے = می ترسیدند

رشک کرتے تھے = رشک می کردند

ٹکڑ گدے = فقرائے بے نوا فقرائے مفلوک الحال

مشق بست و ہفتم

ایک ظریف کے پاس کچھ لوگ اتنی دیر تک آکر بیٹھے کہ اس کا ناک میں دم آگیا۔ ظریف نے ناچار خدمت گار کو پکار کر کہا کہ اس مکان کا قبالہ لاؤ۔ مہمانوں نے گھبرا کر پوچھا حضرات! اس وقت قبالے کا کیا کام؟ کہا جناب عالی! دیکھتا ہوں کہ مکان آپ کے نام ہے یا میرے۔ اگر آپ کے نام ہو تو میں ہی چل دوں۔ مہمان مارے شرم کے پانی پانی ہو گئے۔ اور وہاں سے چل دیئے۔ ایسے لاپرواہ اور بیکار لوگوں کو دوسروں کا وقت ضائع کرنے میں ذرا بھی پس و پیش نہیں ہوتا۔

حل الفاظ دقیق

ناک میں دم آگیا = بسیار پریشان شد۔
مارے شرم کے پانی پانی ہو گئے = بسیار منفعل گشتند
پکار = آواز داد۔
بیکار = ناکارہ۔
گھبرا کر پوچھا = سراسیمہ شدہ پرسیدند

مشق بست و ہشتم

شہریار بے شہر اور بادشاہ بے لشکر۔ ان خیالات میں غلطاں پیچاں۔ غم غلط کرتا۔ کوہ و دشت کو دیکھتا چلا جاتا تھا۔ اسی عالم میں "شال" کے قریب پہنچا، مرزا عسکری کو بھی خبر پہنچ گئی تھی۔ بے مروت بھائی نے خانہ برباد بھائی کی آمد سن کر ایک سردار کو بھیج

دیا کہ حالات معلوم کر کے لکھتا رہے۔ اِدھر سے ہمایوں نے بھی دو ملازموں کو روانہ کر دیا۔ وہ سر دار قندھار کو راستہ میں مل گئے اس نااہل نے فوراً دونوں کو گرفتار کر کے قندھار روانہ کیا اور جو احوال معلوم ہوا لکھ بھیجا۔

حل الفاظ دقیق

بے شہر = بے دیار
حالات معلوم کرنا = استفسار احوال کردن
بے مروّت = طوطا چشم۔ بدلحاظ۔
ملازموں = خدّام۔

جملہ معترضہ وہ ہے جو کسی پورے جملے کے بیچ میں بطور تعریف و دعا آئے مگر اس پورے جملہ کا جزو نہ ہو۔ جیسے کریم (خدایش بخیر دارد) مرد نیکو خصلت است۔" خدایش بخیر داد۔ جملہ معترضہ ہے جن جملوں میں امر۔ نہی۔ استفہام۔ تمنّی۔ عقود۔ ندا۔ عرض۔ قسم۔ تعجب پایا جائے، ان کو جملہ انشائیہ کہتے ہیں۔ جیسے قلم آہنی بیار۔ غیبت مکن۔ چہ می کنی۔ کاش من ستم بودے۔ اُمید دارم کہ زبد خواہد آمد بہ چہار فروختم و بہ سہ خریدم۔ اے کریم بیا۔ چرا کارنمی کنی کہ منعم شوی۔ حقّا نہ خواہم رفت۔

مشق بست و نہم

جن دنوں ہمایوں شیر شاہ کے ہاتھ سے پریشان حال تھا۔ وہ دن ایسے نحوست کے تھے کہ اسکو ایک جگہ قرار نہ ملتا تھا۔ ابھی پنجاب

سے تازہ رونق پائی۔

حل الفاظ دقیق

گروہ = جماعت۔
گرنا = افتادن۔
خیال کی جاتی تھی = گمان کردہ می شد
پھرا = باز گردید۔
دینا پڑا = دادن لازم شد۔
تازہ رونق پائی = رونق تازہ یافت

مشق سی و یکم

جے پور کی پرانی راجدھانی امبر اپنی نوعیت اور قدامت کے اعتبار سے راجپوتانہ کی تاریخ میں ایک ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے راستے کا طویل پیچ و خم جو ایک بلند کوہستانی سلسلہ سے ہو کر گزرتا ہے، اپنی متعدد دلفریبیوں کے باوجود چشم حقیقت نگر کے لئے حیاتِ انسانی کی تغیر کا ایک عبرت آموز ورق ہے۔

امبر کے متصل ایک وسیع اور سنسان میدان میں ایک قدیم اور غیر آباد عمارت استادہ ہے جو "جل محل" کے نام سے موسوم ہے۔ عمارت کی مضبوطی اور پختگی زبان حال سے عرفی کا مصرعہ معروف ہے ؎
"آثار پدید است صنادید عجم را" دہرایا کرتی ہے

حل الفاظ دقیق

راجدھانی = پائے تخت۔ دار السلطنت
دہرانا = باز خواندن
پرانی = قدیم
میدان = ہامون۔
دہرایا کرتی ہے = باز می خواند۔

میں ہے تو ابھی سندھ میں۔ ابھی بیکانیر کے ریگستانوں میں سرگرداں چلا جاتا ہے۔ جب وہ جودھپور کے سفر میں تھا تو اکبر ماں کے پیٹ میں رنج و راحت کا شریک تھا۔ اس سفر سے پھرا اور سندھ کی طرف آیا۔ یوم ولادت بہت نزدیک تھا۔ اس لئے بیگم کو امرکوٹ میں چھوڑا۔ اسی عالم میں ایک دن ملازم نے آکر خبر دی کہ مبارک ہو۔ اقبال کا تارہ طلوع ہوا۔ یہ ستارہ ایسے ادبار کے وقت جھلملایا تھا کہ کسی کی آنکھ اُدھر نہ اُٹھی۔

حل الفاظ دقیق

جن دنوں = ایامیکہ

ماں کے پیٹ میں = در شکم مادر۔

پریشان حال = سرگرداں و پریشاں

چھوڑا = گذاشت۔

شیر شاہ کے ہاتھ سے = از دستِ شیر شاہ

جِھلملانا = تافتن۔

مشق سی

یہ فیروز مند گروہ سیتاجی کو زندانِ بلا سے چھڑا کر وطن کی جانب پھرا۔ مگر اوّل اس غمزدہ قیدی کو اپنی عفت و عصمت کے ثبوت میں ایک ہولناک امتحان آگ میں گرنے کا دینا پڑا۔ کیونکہ اس زمانہ میں مشتبہ عورت کے لئے دہکتی آگ یا جلتے توے پر برہنہ پا چلنا ہی پاکدامنی کی شہادت خیال کی جاتی تھی۔ اس سخت امتحان میں کامیاب ہونے کے بعد رام چندر جی سیتاجی کو ہمراہ لے کر بڑی دھوم دھام سے اجودھیا میں داخل ہوئے اور تخت شاہی نے رام چندر جی کے جلوس

ڈریں۔ کیونکہ پہلی بات یہ ہے کہ آپ کی رہائی کے لیے جو رقم طلب کی گئی ہے وہ کوئی بڑی رقم نہیں ہے۔ علاوہ اس کے آپ کو معلوم ہے کہ جو لوگ ہمیں گرفتار کرنا چاہتے ہیں وہ ایسی ذلیل اور خوار حالت میں ہیں۔ بہت تھوڑا سا روپیہ دے کر اُن کا منہ بند کیا جا سکتا ہے۔ میرے پاس اتنا روپیہ ہے کہ یہ کام بڑی آسانی سے ہو سکتا ہے۔ میرے علاوہ اور دوسرے لوگ خوشی سے ضرورت کے موافق روپیہ دینے کو تیار ہیں۔

حل الفاظ دقیق

نہ ڈریں = مترسید۔ باک ندارید | گرفتار کرلیا = گرفتار کردن۔
بڑی رقم = رقم کثیر | ضرورت کے موافق = حسب ضرورت

مشق سی و چہارم

(S. L. C. Exam. 1917)

س۔ واحد لکھو:۔
اخلاق۔ عوائب۔ جرائم۔ نوادر۔ امثال۔ سیر۔ وزرا۔ ارباب۔ فنون۔ محافل۔

ج۔ خلق۔ عیب۔ جرم۔ نادر۔ مثل۔ سیرت۔ وزیر۔ رب۔ فن۔ محفل۔

س۔ مندرجہ ذیل خط کشیدہ الفاظ میں اضافت کس قسم کی ہے۔ بیان کرو:۔

خبرداری از استخوانِ قفس
که جانِ تو مرغ است و نامش نفس

نگہدار فرصت کہ عالم دمے است
دمے پیشِ دانا بہ از عالمے است

مشق سی و دوم

نسیمہ گزر گئی۔ وہ پھر بھی زندہ ہے۔ اس کے پُرسکون چہرہ سے درد و کرب کے آثار دور ہو چکے ہیں جو اکثر بیماری کے دوران میں طاری ہو جاتے ہیں۔ اسی کو دیکھ کر گمان ہوتا ہے کہ وہ سو رہی ہے ...... بہت میٹھی نیند اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی دھوکا ہوتا ہے کہ سانس کی آواز بہم کانوں میں آ رہی ہے۔ موت کی زردی، عالم نزع کی تکلیفیں اور مصیبتیں، اور اس کے بعد پیشانی پر بل کھائی شکنیں؛ وہ شکنیں جو انتہائی کرب کے بعد پڑ جایا کرتی ہیں یا نیلی دھاریاں جو پلکوں کے ارد گرد نمایاں ہو جاتی ہیں؟ کہاں ہیں یہ آثار؟ شاید اس کی موت نے ان نشانات کو بھی معدوم کر دیا تھا یا اس کے خاموش حسن اور پُرسکون جمال نے اس کے چہرے پر یہ توازن قائم کر دیا ہو۔

حل الفاظ دقیق

گزر گئی = مُرد۔ رحلت کرد۔
دور ہو چکے ہیں = مفقود گشتہ اند۔
سانس = نفس۔
چہرہ = رُخ۔

میٹھی نیند = خواب شیریں۔
تکلیفیں = صعوبات۔ مصائب۔
بل کھائی ہوئی = خم دار۔ پُر شکن۔
دھوکا ہوتا ہے = ایں غلط فہمی می شود

مشق سی و سوم

میں آپ سے بہ منت عرض کرتا ہوں کہ آپ کسی بات سے نہ

فارسی قاعدے سے اس لفظ کی بناوٹ تحریر کرو۔

س۔ خاک زاد۔

ج۔ خاک زاد = اسم مفعول سماعی۔ دراصل زادۂ خاک تھا۔ بہ ترکیب اضافی۔ پھر اضافت مقلوب سے خاک زاد یا خاک زادہ ہوگیا۔

ساٹھ برس کے سن میں دُرِ شہوار صدفِ بطن بانوئے خجستہ اطوار سے پیدا ہوا۔ چھوٹا بڑا اس کی صورت کا شیدا ہوا۔ اس روح افزا کا فیروز بخت نے جان عالم نام رکھا۔ شب و روز پرورش سے کام رکھا۔ حسن اللہ نے یہ عطا کیا کہ نیرِ اعظم چرخ چہارم پر رعب جمال سے تھرایا اور ماہِ باوجود داغ غلامی تاب مشاہدہ نہ لایا۔ اس نقش قدرت پر تصور مانی و بہزاد حیران اور صناعی آزر کی اس لعبت حقیقت کے روبرو پشیمان۔ کاسۂ سر سراسر شور جوانی، زورِ شباب سے معمور، آنکھیں جھپکانے والی دیدۂ غزالانِ ختن کی شرابِ عشق کے نشہ سے چکنا چور۔

حل الفاظ دقیق

چکنا چور = سرمست۔

شیدا = فریفتہ۔

جوانی = شباب۔

نام رکھا = نامید۔

استخوان قفس، اضافت تشبیہی۔ جان تو، تخصیصی۔ پیش دانا، تخصیصی۔

S.L.C.E. 1921:

ایک دن کا ماجرا ہے کہ سواری کو تیار کرا کر سب یار آشناؤں کو لے کر میدان کی طرف نکلا۔ عجب طرح کا ایک پہاڑی قطعہ دیکھا کہ جدھر نظر جاتی تھی کوسوں دور تک سبزہ اور پھول ہی پھول نظر آتے تھے۔ یہ سماں دیکھ کر گھوڑوں کی باگیں ڈال دیں اور قدم قدم سیر کرتے ہوئے چلے جاتے تھے۔ ناگاہ اس صحرا میں ایک کالا ہرن ہمارے گھوڑوں کی سُم کی آہٹ پا کر چوکنا ہوا اور سر اُٹھا کر دیکھا اور آہستہ آہستہ چلا۔ میرا گھوڑا ایسا پرند تھا کہ بارہا ہرنوں کے اوپر دوڑا کر اُن کی چھلانگوں کو بھلا کر ہاتھوں سے پکڑ لیتے تھے۔ اس کے پیچھے دوڑا۔ وہ دیکھ کر چھلانگیں بھرنے لگا۔

حل الفاظ دقیق

سواری = رکوب۔
لال = سُرخ۔
چوکنا = باخبر۔ خبردار۔

باگیں = عنان، لجام۔
ہرن = آہو۔
پرند = طائر۔

مشق سی و پنجم

عربی واحد و جمع لکھو۔

مں۔ تلمیذ۔ معرفت۔ عالم۔ سیرت۔ عاصی۔ عابد۔
ج۔ تلامذہ۔ معارف۔ علماء۔ سیر۔ عصاۃ۔ عباد۔

صبا بلطف بگو آں غزال رعنا را   کہ سر بکوہ و بیاباں تو دادۂ ما را

اس شعر کا خلاصہ مطلب اس سے زیادہ نہیں ہے کہ ہم صرف معشوق کی بدولت پہاڑوں اور جنگلوں میں مارے مارے پھرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس ایمیجینیشن (imugination) کا عمل خیالات میں اگر ہو بھی تو نہایت خفیف اور مختصر ہوگا۔ مگر الفاظ میں اس نے وہ کرشمہ دکھایا ہے جس نے شعر کو بلاغت کے اعلیٰ درجہ پر پہنچا دیا۔ شوق نے ایسا خود رفتہ کر دیا ہے کہ جو چیز پیغامبر ہونے کی قابلیت نہیں رکھتی اُسی کے ہاتھ پیغام بھیجتا ہے۔ پھر معشوق حقیقی کو جس کی ذات بے نشان ہے بطور استعارہ کے غزال رعنا سے تعبیر کرنا خوبی سے خالی نہیں۔

حل الفاظ دقیق

مارے مارے پھرتے ہیں = کوچہ گردی می کنیم | پیغام بر = قاصد۔

مشق سبق و ہفتم

ہماری ازدواجی زندگی کا ایک اور دردناک پہلو ہے جس کا تعلق اگرچہ صرف مسلمانوں سے ہے تاہم نظر انداز نہیں کر سکتے اور وہ دین مہر ہے شرعاً یہ بیوی کا حق ہے جسے شوہر غصب کر لیتے ہیں یا عورت عدالت میں اگر چارہ جوئی کرے تو تباہ ہو جائے اور صرف اس سبب سے کہ شان بڑھے اتنی بڑی رقم، رقم مہر قبول کر لی جاتی ہے جسے شوہر عمر بھر ادا نہیں کر سکتا، نہ واجب الادا سمجھتا ہے لیکن

مشق سی و ششم

ترکیب نحوی کرو:-

کسے صدر خجند را در خواب دید
کہ او از پائے یتیمے خارے بہ کند

نثر

- جملہ بیانیہ
  - جملہ فعلیہ مبین
    - دید .... فعل
    - کسے .... فاعل
    - مفعول
      - صدر - مضاف
      - خجند - مضاف الیہ
    - را — علامت اضافت (محذوف)
    - متعلق فعل
      - در — جار
      - خواب - مجرور
  - کہ ---------- حرف بیان
  - جملہ فعلیہ بیان
    - بکند — فعل
    - او — فاعل (محذوف)
    - خارے — مفعول
    - متعلق فعل
      - از — حرف جار
      - مجرور
        - پائے - مضاف
        - یتیمے - مضاف الیہ

حصّہ دوم

۳۷ مشقیں فارسی سے اردو میں ترجمہ کرنے
کے لئے مع حل الفاظ دقیق

اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہوئی تو بیوی کبھی اپنی زندگی میں دعویدار ہوتی ہے۔ زیادہ تر اس کے مرنے پر ورثا شوہر کی جائداد پر دعویٰ کر دیتے ہیں جس سے شوہر اور اس کی جائداد تباہ ہو جاتی ہے۔ بیوی کیسی ہی بدمزاج کیوں نہ ہو شوہر مہر کے خوف سے طلاق کا نام نہیں لیتا۔ سہتا ہے سسکتا ہے اور چوں نہیں کرتا۔

حل الفاظ دقیق

دردناک = اندوہ گیں
سسکتا ہے = آہ و زاری می کند
زوجہ = بیوی

چوں نہیں کرسکتا = چون و چرا نہ تواں کرد
موافقت = یگانگی۔

هنگام بہار بلبل نغمہ سرائی می کند۔ جاروب کشیدہ خانہ را پاک کن۔ متاعِ خانہ فروختہ ام۔ خالد دست زاغ غنیمت نمی شمارد۔ کاشکی گدا را نان دادمے۔ اگر کریم دیدہ شود شناختہ شود۔ اسپ خریدہ شد۔ من اورا خواہم طلبید

حل الفاظ دقیق

نا بردہ = بغیر برداشت کیے ہوئے | ہنگام = وقت
زاغ = کوّا۔ | جاروب کشیدہ = جھاڑو دے کر۔

مشق سوم

والد بزرگوارم موضع سیکری را کہ محل ولادت من بود۔ بوجود مبارک وابستہ پائے تخت ساختند و در عرصہ چہار دہ و پانزہ سال آں کوہ و صحرا شہرے شد۔ مشتمل بر انواع باغات و عمارات و منازل و چاہ ہائے دلکش بعد از فتح گجرات ایں موضع بہ فتح پور موسوم گشت۔ چوں بادشاہ شدم بہ خاطر رسید کہ نام خود را تغیر باید داد کہ ایں اسم محل اشتباہ است بنام قیاصرۂ روم۔ علم غیب بہ خاطر انداخت کہ کار بادشاہان جہاں گیری است۔ خود را جہانگیر نام ہم ولقب نورالدین سازم۔

حل الفاظ دقیق

محل = مقام | مشتمل = شامل ہونا۔
پانزدہ = پندرہ | اشتباہ = شک۔

مشق اول

ع بکن پنبۂ غفلت از گوش دور۔ از تو در جہاں غمناک تر کیست؟ من نیز از درد خالی نیم۔ جانم پردۂ غم است۔ رویت بکدام آستانہ است۔ استخوانم زسودۂ محنت است۔ تو در خرمن من آتش زدہ۔ دروغ گو را بدر خانہ باید رسانید۔ دُرِ یتیم از کجا آوردی؟ پارچہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت۔ درحق بندہ دعائے می کردہ باشید۔ زر بر سر فولاد نہی نرم شود۔ نیم خوردۂ سگ ہم سگ را باید شعر

ہرچہ دانا کند کند ناداں
لیک بعد از خرابی بسیار

حل الفاظ دقیق

بکن = نکال ڈالا۔
پنبۂ = روئی
نیم خوردہ = جھوٹا۔
پس خوردہ = بچا ہوا۔

دروغ گو = جھوٹ بولنے والا۔
آستانہ = ڈیوڑھی۔
لیک = لیکن۔
دُرِ یتیم = یکتا موتی

مشق دوم

کریم بر فرش زمین نشستہ نامہ می نویسد۔ نابردۂ رنج گنج میسر نمی شود۔ یار من در گلشن خنداں می رفت۔ زاغ در ہوا بال و پر می جنباند۔ حامد در صحرا از بیم وحوش اُفتاں و خیزاں می گریخت۔ کتاب را وا کن و بخواں۔ جامہ ندارم دامن از کجا آرم۔ بُت در بتکدہ می باشد۔

حرف شرط :- یہ حروف دو جملوں پر داخل ہوتے ہیں۔ پہلے کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ جیسے اگر - گر - ار - دگر - در - چوں - چو -

ع دلا گر خردمندی و ہوشیار ع بخیل ار بود زاہد بحر و بر -

ع چوں پیر شوی حافظ از میکدہ بروں شود - ہر گاہ مرا طلب کنی خواہم آمد -

حرف عطف :- یہ حروف دو یکساں کلموں یا جملوں کو جوڑتے ہیں - پہلے کو معطوف علیہ دوسرے کو معطوف کہتے ہیں - جیسے زید و بکر آمدند -

حرف جار :- حرف جار وہ حروف ہیں جو کسی اسم یا ضمیر کے شروع میں رہتے ہیں اور اُن کے معنی کا تعلق فعل سے ظاہر کرتے ہیں - جیسے از - با - بر - تا - بہر - برائے - در - اندر - برا -

امثلہ :- از کلکتہ تا بمبئی رفتم - با من رشتی کمن - او بر صندلی نشست - بہر خدا ستم روا مدار - در خانہ کیست ؟ خدا را نگاہ کرم کن

مشق پنجم

آوردہ اند کہ در ولایت حلب بیشہ بود - مشتمل بر درختاں بسیار - دراں جا شیرے بود کہ ہموارہ بخون ریختن جانوران مشغول بودے - سیاہ گوش کہ ملازم او بود - چوں صورتِ حال بدیں منوال دید از نتیجہ

منازل = منزل کی جمع یعنی مکانات

دو دوام = جنگلی جانور۔

تغیر باید داد = تبدیل کرنا چاہیے۔

ولادت = پیدائش۔

موسوم است = نام رکھا گیا۔

قیاصرہ = قیصر کی جمع روم کے بادشاہوں کا لقب۔

مشق چہارم

دو امیرزادہ در مصر بودند۔ یکے علم آموخت و دیگر مال اندوخت عاقبۃ الامر یکے علامہ گشت و آں دیگر عزیز مصر شد۔ پس توانگر بہ چشم حقارت در فقیہ نظر کرد و گفت من بہ سلطنت رسیدم تو ہمچناں درمکتب بہ ماندی۔ گفت اے برادر شکر نعمت باری عز اسمہ، ہم چناں بر من افزوں تر است کہ میراث پیغمبراں یافتم یعنی علم و ترا میراث فرعون وہامان رسید یعنی ملک مصر۔

حل الفاظ دقیق

امیرزادہ = امیر آدمی کا لڑکا

عاقبۃ الامر = آخر کار

میراث = ورثہ

علامہ = بڑا عالم

بہ چشم حقارت = ذلت کی نگاہ سے

حقارت = ذلت۔

حروف معنوی کا بیان

حروف معنوی:- حرف ندا۔ حرف ندبہ۔ حرف عاطفہ۔ حرف استثنا۔ حرف شرط۔ حرف جار۔ حرف استفہام۔ حرف تعجب۔ حرف تنبیہ۔

ستمکاری او بتر سید و می خواست کہ ترک ملازمت گیرد۔ دریں فکر روئے بہ صحرا نہاد و بر کنار بیشہ موشے دید کہ بجہد تمام بیخ درختے می برد۔ درخت بزبانِ حال با او می گفت۔ اے ستمگار! چرا از تو آزار بنیادِ حیات مرا زیر و زبر می سازی و مردم را از راحت سایہ و منفعت میوۂ من محروم می گردانی۔ موش بہ زاری او التفات نا نمودہ۔ ہماں جفاکاری اشتغال داشت کہ ناگاہ مارے بیروں آمد و قصد موش کردہ یکدم او را فرو بُرد۔

حل الفاظ دقیق

ہموارہ = ہمیشہ۔ دائم۔

فرو بُرد = نگل لیا۔

خون ریختن = خون بہانا۔

اشتغال = شغل۔

سیاہ گوش = بن بلاؤ۔

منفعت = فائدہ۔

مشق ششم

سیاہ گوش ازیں صورت تجربہ دیگر اندوخت کہ آزار دہندہ خبر آزار ندارد۔ درہمیں حال کہ مار از خوردن موش فارغ شدہ در سایۂ درخت حلقہ زد، خار پشتے در آمد، دُم مار بہ دہن گرفتہ بہ دہن فرو کشید۔ مار از غایت اضطراب خود را بر زمے می زد تا ہمہ اعضائش بہ نوک خار سوراخ دار شدہ جان بمالک سپرد۔ سیاہ گوش از صفحۂ اعتبار رقمے دیگر مشاہدہ نمود۔ ناگاہ روباہ گرسنہ در آں جا رسید و خار پشت را دیدہ، در جست و حلقش بگرفت و سرش را

برکندہ باقی اجزا را بخورد ہنوز روباہ را فراغت کلی نہ شدہ بود کہ سگ بزرگ توی الجثہ از گوشہ در آمد۔ روباہ را از بیم بدرید۔ سیاہ گوش در ملازمت شیر آمدہ اجازت رفتن از آں پیشہ طلبید۔

حل الفاظ دقیق

حلقہ زد = کنڈلی ماری۔
خارپشت = ساہی۔
تبر = کلہاڑی۔
آزارندہ = ستانے والا۔

مشق ہفتم

ا۔ کاتبے را گفتند کہ کاغذے بنویس۔ گفت پائے من درد می کند۔ گفتند درچہ جلیست۔ گفت چوں من خطے می نویسم۔ بغیر از من ہیچ کس نتواند خواند۔ ہر آئینہ مرا طلب دارند پس درد پائے مانع باشد۔

ب۔ آوردہ اند کہ حکیمے رنجور شد۔ مردمان بہ عیادت او آمدند و تا دیر نشستند۔ حکیم ملول شد۔ یکے از میاں گوفت مارا نصیحتے گوئے۔ گفت اگر بہ عیادت روید دیر نشینید۔

ج۔ والدۂ سکندر اعظم زن بسیار فراخ حوصلہ بود۔ لاکن بسا اوقات باعث آزار پسر خود بود۔ چوں سکندر در ایشیا کوس فتوحات می کوفت۔ اکثر از مال غنیمت تحائف بیش بہا در خدمت مادرش فرستاد او آنہا را قبول می کرد۔ سکندر بوقت مراجعت از او عرض نمود کہ در غیر حاضری او معترض نخواہد شد۔ بلکہ زمام سلطنت

را بخیر و خوبی انجام دہد۔

حل الفاظ دقیق

کاغذ = خط۔
زمام = لگام۔
معترض = اعتراض کرنے والا

فراخ حوصلہ = حوصلہ مند۔
کوس = نقارہ۔
عیادت = بیماری میں پوچھنا مزاج پرسی کرنا۔

مشق نہم

در ممالک چین استعمال باد زن بسیار متعارف است چرا کہ ہیچ کس را اجازت نیست کہ از خانہ بے باد زن برون آید۔ اگر ہوا سرد باشد ایں عمل را بیشتر از برائے زینت و زندگی می کنند۔ نہ از برائے ضرورت۔ دستہ باد زن را از اقسام چیزہا می سازند۔ مثلاً از چوب و دندان فیل و آبنوس و اصل باد زن را از ابریشم و گیاہا خوشبو می کنند و بر دستہ نصب می نمایند۔ در آنہا اکثر اشعار و نکات سخن ہای نگارند۔ و نیز متعارف است کہ بطریق سوغات و ہدیہ برائے یک دیگر باد زن را می فرستند۔

حل الفاظ دقیق

باد زن = پنکھا۔
متعارف = مشہور معروف رائج
اکابر = بڑے بڑے آدمی۔

دندان فیل = ہاتھی دانت
آبنوس = ایک قسم کی لکڑی۔
ابریشم = ریشم

مشق دہم

زبان فارسی در ایشیا مثل زبان فرانسہ در آروپا است۔ در تمام ممالک ایشیا فارسی گفتہ یا فہمیدہ می شود۔ اما مرکز آں ایران است۔ خوبی و بدی۔ فارسی ہر جا را باید بہ فارسی ایران سنجید۔ من در فرنگستان دیدم ہندیان مثل ما ایرانیاں حرف نمی زدند۔ تلفظ شاں طورے دیگر است و کلمات را ہم برائے معنی دیگر استعمال می کنند۔ اول خیال کردم کہ شاید در زبان انگلیسی ہم ہمی طور می کنند وقتے کہ بہ اوشان در آں زبان حرف زدم دیدم تلفظ انگلیسیاں را اصطلاحات ہم ہماں است۔

حل الفاظ دقیق

حرف زدن = بات کرنا۔	فرانسہ = فرانسیسی۔
باید سنجید = تولنا چاہیئے۔	آروپا = یورپ۔
اوشاں = وہ لوگ۔	ہندیاں = ہندوستانی۔

مشق یازدہم

در روزگار پیشین رائے بود ضعیف حال و کلبہ دانشنے تنگ و تیرہ۔ گربہ بہ او مصاحب بود کہ روئے نان ندیدہ و بوئے گوشت نہ شنیدہ۔ اگر ناگاہ موشے بہ چنگ او افتادے رویش از شادی برافروختے و تا یک ہفتہ بے غذا گذرانیدے۔ روزے از نہایت

بے طاقتی بہزار دقت بر بالائے بام رفت۔ دید کہ بر بالائے بام گربہ ہمسایہ می خرامد و از غایت فربہی قدم آہستہ آہستہ برمی دارد۔ گربۂ نحیف چوں از جنس خود بداں فربہی و تازگی دید حیراں شدہ فریاد برداشت کہ تو بدیں لطافت از کجائی۔ شوکت و قوت تو از کجا است؟ ہمسایہ جواب داد کہ من ریزہ خوار بادشاہ ام و ہر صباح در بارگاہ حاضر شوم۔ چوں خوانِ دعوت بگسترانند دلیری و مردانگی نمودہ از گوشتہائے فربہ لقمہائے چند دربایم تا روز دیگر آسودہ حال بسر می برم۔

حل الفاظ دقیق

روزگار پیشیں = پرانے زمانے میں
غایت = بہت زیادہ
کلبہ = جھونپڑی۔
می خرامد = چلتی ہے
نحیف = کمزور
بسر برم = بسر کردن۔

حروف ندا:۔ وہ ہیں جو پکارنے کے کام آتے ہیں۔ جیسے یا اللہ۔ اے رند۔ زیدا۔

حروف ندبہ:۔ وہ ہیں جو رنج اور افسوس کے موقع پر بولے جاتے ہیں۔ جیسے وا زیدا۔ دریغا۔ وائے دردا۔

حروف استثنا:۔ وہ ہیں جو متعدد شئے میں سے کسی شئے کے خارج کرنے کے لیے استعمال ہوں۔ جس سے کوئی شئے خارج کی جائے اُسے مستثنیٰ منہ اور جو شئے خارج کی جائے اُس کو مستثنیٰ کہتے ہیں۔ حروف استثنا یہ ہیں۔ مگر۔ جز۔ دون۔ سوا۔ غیر۔ اِلّا۔

ماسوا ۔ ماورا ۔

حروف استفہام :۔ یہ آغاز جملہ میں سوال پوچھنے کے واسطے آتے ہیں ۔ جیسے آیا ۔ کہ ۔ چہ ۔ کس ۔ کدام ۔ کجا ۔ کو ۔ کے ۔ چون ۔ چگونہ ۔ چساں ۔ چوں ۔ چرا ۔

مشق دوازدہم

درراہ صحبت شعرائے متاخرین ایران درمیان آمد ۔ و یک اطلاع مہمی از مہمان حاصل کردم ۔ آن این است کہ گفتم شعرائے متقدمین اشعار مشکل بہ مضمون می گفتند ۔ ولے در متوسطین این رسم بود کہ طریقۂ رودکی و سعدی راکہ اشعار صاف و شیریں می گفتند ترک کردہ اشعار مشکل مضمون می گفتند ۔ ولے متاخرین ہماں طریقہ متقدمین را تجدید کردند ۔ مہمان گفت ہمہ شعرائے متوسطین در زمانہ سلاطین گورگانیہ بہ ہند رفتند و طریقۂ شاعری خود شاں را دراں ترویج کردہ اند و تاکنوں ہماں طریقہ در شعرائے ہند جاری است در فارسی و اردو بہ ہماں طریق شعری گویند ۔

حل الفاظ دقیق

صحبت = بات چیت ۔

متاخرین = آخر کے (موجودہ زمانہ کے)

شعرائے متقدمین = پرانے شاعر

متوسطین = درمیانی زمانے کے

مہمی = خاص بات ۔

ادق و مرصع = بامعنی

ترویج دادن = رواج دینا ۔

مشق سیزدہم

در لندن بر در ہر خانہ از اعالی و ادانی دو ستون ساختہ اند و بر ہر ستون فانوسے از شیشہ نصب کردہ اند۔ کہ از اول شب تا صبح روشن اند۔ و در رفت و آمد کوچہ و بازار احدے محتاج بہ چراغ و مشعل نیست۔ و گر بیگانہ در آں شہر در آید۔ چناں پندارد کہ چراغاں کردہ اند۔ مسافر اگر شب و روز قطع مسافرت نماید ہر جا کہ خواہد آرائش کند مختار است۔ بر رودخانہائے کوچک و انہار صغار پل بستہ اند کہ تردد بآسانی شود و در کل قلمرو راہ ناہموار سنگلاخ کہ باعث زحمت مترددین گردد نیست۔

حل الفاظ دقیق

اعالی = امراء
انہار = نہر کی جمع۔
احدے = کوئی بھی
فانوس = گلوب۔
سنگلاخ = پتھریلی۔

رودخانہ = دریا۔
ادانی = ادنیٰ کی جمع۔ غریب اور چھوٹے لوگ
صغار = چھوٹی۔ صغیر کی جمع
بیگانہ = اجنبی
قلمرو = سلطنت

مشق چہاردہم

پدر بزرگوارم شیخ ابو الفضل را کہ از شیخ زادہ ہائے ہندوستان ہنر بود فضل و دانائی امتیاز تمام داشت و ظاہر خود را بہ زیور اخلاص

بہ قیمت گراں سنگ بہ پدرم فروختہ بود از صوبہ دکن طلب داشتند و چوں خاطر او بہ من صاف نبود ہمیشہ در ظاہر و باطن سخنان ظاہر و باطن مذکور ے ساختند۔ و دریں ایام کہ بنا براں فتنہ انگیزاں خاطر مبارک والد بزرگوار ی الجملہ از من آزردگی داشت یقین بود کہ اگر دولت ملازمت دریابد باعث زیادتی آں غبار خواہد گشت۔

حل الفاظ دقیق

فضل و دانائی = بزرگی و عقلمندی
فتنہ انگیزاں = فساد کرنیوالے۔
اخلاص = سچائی۔

آزردگی داشت = خفا تھا
خاطر صاف نبود = کشیدگی تھی۔
اس عناد کا = اندرونی کشیدگی کا

مشق یازدہم

جوش بہار و خرمی روزگار بود۔ باجمعے از یاران خود بصحرا رفتم و اسپ تاختم۔ اسپ درد دیدن بیفتاد و استخوان دست راست من کوفتہ شد۔ تا یک سال۔ بہ اصلاح نیامد۔ استاداں ہر گونہ معالجہ کردند و رنجے صعب کشیدم و پس از چندے کہ از وجع تسکین یافتہ بود و ہمچناں بیکار و بار گراں بود و چوں خوے بنوشتن قلم بدست چپ گرفتہ مسودہ می کردم دوراں مصیبت شعر بسیارے گفتہ ام۔ ازیں جملہ ساقی نامہ است۔ تخمیناً یک ہزار بیت است بہ غایت سنجیدہ و بہ متانت گفتہ شدہ تا آنکہ حق تعالیٰ ازاں درد والم مرا صحت بخشید۔

حل الفاظ دقیق

جمعے از یاران = دوستوں کا گروہ
باصلاح نیاید = درست نہ ہوسکی۔
اُستخوان = ہڈّی
معالجہ = علاج
کوفتہ شد = ٹوٹ گئی۔
تخمیناً = اندازاً
صحت بخشید = اچھا کردیا
صعب = سخت

مشق شانزدہم

بالجملہ در اصفہان مکانے عمارتش را وسیع کرد۔ بعد ازیں عازم سفر حجاز شدہ از راہ شام بیت الحرام مشرّف شدہ بہ بغداد باز گشت۔ وچندے در مشاہد۔ متبرکہ عراق بسر بردہ باصفہان مراجعت نمود۔ واز اہالی آں جا حاجی عنایت اللہ اصفہانی را کہ از اتقیاء اخیار بود۔ بہ ایشاں موافقت پدید آمد۔ وصبیّہ خود را بہ ایشاں تزویج نمود۔ اولاد منحصر در چہار پسر بود۔ مولود نخستین ایں بے مقدار است وسہ برادر یکے در کودگی و دیگرے در عنفوان در گذشتند۔

حل الفاظ دقیق

بیت اللہ = خانۂ کعبہ
بے مقدار = عاجز
صبیّہ = لڑکی
اتقیاء = پرہیزگار لوگ
اخیار = جمع خیر کی۔ نیک لوگ۔
اہالی = رہنے والے
عنفوان = شروع جوانی
تزویج نمود = نکاح کر دیا

مشق ہفت دہم

اکبر جامع اوصافے بود کہ عقل دراں حیران است۔ دلے روشن و دانشے خدا داد و اقبال ایزدی داشت۔ اگر راست جوئی سببش ہمیں است کہ دامن دلش از غبار تعصب صاف بود۔ گویند کہ دستے و خطے و سوادے از علم نداشت۔ روزے سفیر روم رسید و بحضرت عالی گذارش نامہ گزرانیدہ۔ اکبر نامہ واژگوں در دست گرفت۔ سفیر تبسم کناں بنگریست۔ فیضی دریافتہ ضبط نتوانست و گفت۔ در حضرت ما سخن گویند پیغمبر ما نیز اُمّی بود۔ با ایں ہمہ در تاریخ آگہی تمام داشت۔ خصوصاً قصص ہند را نیکو دانستے۔ بہ نظم و اشعار بگرفتے نتیجہ اش را نیکو دریافتے۔

حل الفاظ دقیق

جامع = مکمل

دلے روشن = ایک سمجھدار دل

دانشے خدا داد = فطری ذہانت

ضبط نتوانست = اپنے کو روک نہ سکا

اُمّی = جاہل۔ ناخواندہ۔

مشق ہیز دہم

فرزند عالی جاہ۔ پسرانِ شمشیر خاں چرا جدا شدند۔ استغنائے آنہا را سببے نخواہد بود۔ قدما را بہ اندک حرف برانداختن و از جدیدان توقع کار داشتن محض بے معنی است آفتاب مشرق بدپولد

وانساں درچنیں خیال ہر حال اگر حضور اقدس بیایند و منصب بادشاہی اختیار نمایند۔ مضائقہ نداریم۔

حل الفاظ دقیق

جدا شدند = چلے گئے
بر انداختن = نکال دینا
جدیداں = نئے
منصب = عہدہ
آفتاب = زندگی کا سورج
مضائقہ نداریم = ہم کو کوئی اعتراض نہ تھا

مشق نوازدہم

گاوے درگلہ خود سالار بود درمیان گاوان بقوت سر دن نامدار۔ چوں گرگ روئے بر ایشاں آوردے۔ آفت دے بزخم سر دن دور کردے۔ ناگاہ دست حادثہ بروئے شکست آورد و سر دن را آفتے رسید۔ بعد ازاں چوں گرگ را دیدے۔ درپناہ گاوان دیگر خزیدے۔ ازو سوال کردند۔ ہیچ جواب نداد۔

آغاز صحیفۂ معانی　　برنام خدائے آسمانی
خلاق جہاں بہ بے نیازی　　فیاض کرم بکارسازی
در دامنِ گل نسیم پرورد　　در بطنِ صدف نسیم پرورد

حل الفاظ دقیق

صحیفۂ معانی = اچھے مطالب کی کتاب
خزیدے = بھاگ جاتی

سالار = سردار | گسترد = بچھایا
بے نیازی = بغیر کسی حاجت کے | نیلوفری = نیلا

مشق بستم

آوردہ اند کہ روباہ گرسنہ بطلب طعمہ از سوراخ برآمد ہر جانبے تگاپوئے می کرد۔ ناگہاں بوئے کہ آسائش روح او باشد شنیدہ جانب او شتافت۔ پوست مار تازہ دید کہ یکے در آں گوشت خوردہ بود پوست رہا کردہ۔ چشم روباہ ازاں روشنائی یافت و تن او توانائی گرفت۔ آں را بہ چنگال گرفتہ روئے بگوشہ تہار۔ درمیان راہ گذرش بہ کنارِ جوئے افتادہ مرغان فربہ دید کہ در آں صحرا می چریدند و غلامے زیرک نگہبانی ایشاں می کرد۔

حل الفاظ دقیق

تگاپوئے = دوڑ دھوپ | پوست = کھال
چنگال = چنگل | روشنائی یافت = آنکھوں میں روشنی پیدا ہوئی

مشق بست و یکم

آں مار سیاہ بعد ازاں نزدیک آں ساغر پُر شراب آمدہ بہ بوئید چوں رائحہ ئمے بہ مشامش رسید مستانہ سر بالا کردہ از غلطیان غضب در رہائی عرق بر کنجہ ظاہر کردہ۔ قطرہ چند برنگ زرد مائل سبزی از دہان دراں ساغر پُر شراب چکانیدہ از راہے

مشاہدہ چنیں حال بسیار متعجب گشت۔ چوں ساعتے بریں بر آمد مرد کہ از خواب بیہوشی بیدار گشت۔ ساغرے پُر از مل سُرخ چوں گل نہادہ چوں بقدرے نشہ رو آوردہ بود بلا تماشی آں ۔ اغ ہلاہل آلود رابیک جُرعہ فرد بُرد ودر نیم لحظہ سم قاتل سرایت کرد۔ داد داعیٔ اجل رالبیک گفت۔

حل الفاظ دقیق

رائحہ = خوشبو
از غلطیاں غضب در نہائی = منہ کے اندر سے
نشہ رو آوردہ بود = نشہ اُتر گیا تھا
ہلاہل = بڑا سخت زہر
کفچہ = چمچا۔ کفگیر۔ چمچ۔

مشق بست ودوم

آخر شب کہ ہنگام بانگ خروس و صدائے موذن نزدیک بود۔ آواز پایش بگوشم رسید وہم اصطکاک در بلند شد۔ ایں مرتبہ ظن بیقین پیوست و در سویدِ عصمتش رخنۂ ضلالیت پدید آمد۔ ناظر بجہت انکشاف ایں رمز وانکشاف ایں عمیق متوجہ شدہ واضطرار واضطراب در دل راہ یافت شبے بواسطہ نگا فتن گرہ از روئے کار آں نابکار و دریافتن اسرار در ابتدائی شب بیدار نشستہ و سر بخواب نگذاشتم۔ دیدم کہ از بیداری من آثار ملال بر چہرہ آں خفتہ بخت ظاہر می گشت د برمزد ایما تکلیف خواب می نمود۔ چوں بر ارادۂ ناصوابش اطلاع یافتم از روئے مصلحت سر بیالیں نہادم و لحاف بر سر کشیدہ مانند

خفتہ، نفس نیز زدن آغاز کردم۔

حل الفاظ دقیق

خروس = مُرغا
انکشاف = طلب دریافت امرے
اصطکاک = دو چیز سخت را آویز بر یکدیگر کوفتن
ناصواب = غلط

برمز و ایما = حیلہ و بہانہ سے
عصمت = پاکدامنی
نابکار = پاجی
سور = شہر پناہ۔ فیصل۔ چھوٹی چیز
ضلالت = گمراہی

مشق بست و سوم

از معائنہ ایں حال آتش غم در نہاد آں بدنہاد در گرفت و وسراسیمہ باز بہ کلبہ دوید بیک دست تیغ آبدار و بدست دیگر شمع گرفتہ غضبناک بیروں آمد و دیوانہ وار در نخلستان بہر سو دویدن آغاز کرد تا از کسے کہ بدیں امر مبادرت نمودہ انتقام کشند۔ چوں از قاتل نشانے نیافت مایوس برگشت ولاش قلندر را بر دوش برداشت۔ و ازانجا بفاصلہ یک فرسنگ بردہ در رود انداخت۔ و غمگین دلول از رود متوجہ شہر شد۔

حل الفاظ دقیق

نہاد = جسم
مبادرت = جلدی کرنا
بد نہاد = بری خصلت کا۔ بد ذات
سراسیمہ = پریشان

قلندر = فقیر جو پابند شرع نہ ہو۔
نخلستان = کھجور کے پیڑوں کا جھنڈ
فرسنگ = تین میل (ہر میل چار ہزار گز کا اور ہر گز چوبیس انگل کا ہو)

تشبیہہ:- ایک گو شئے کو دوسری شئے کے مثل قرار دینے کو کہتے ہیں۔ جس کو تشبیہہ دیتے ہیں اُس کو مشبہ اور جس کے ساتھ تشبیہہ دیتے ہیں اس کو مشبہ بہ کہتے ہیں جیسے رُخ ہمچو ماہ۔ رُخ مشبہ اور ماہ مشبہ بہ ع شبنم بہ روئے تو رویش ہچوں مئی گردید۔

حرف ظرف:- مقام اور وقت کے لئے آتے ہیں۔ جیسے سنگلاخ۔ گلزار۔ کوہسار۔ قلمدان۔ بارگاہ۔ رنگبار۔ بتکدہ گلستاں وغیرہ۔

مشق بست وچہارم

گلبن آرایان بساتین اخبار ونخل پیرایان فرادیس اسمار گلدستۂ سخن تازہ تر از نسرین دلنسترن از ین باغ کہن چنیں بزم بیان آوردہ اند کہ در ملکے از ممالک ہند تاجورے بود۔ بہرام شکوہ بہرے دانش نامکار نام آزادہ سرد سرابستان سلطانی نونہالی اقبال جابازش شمشاد وش در چمن شباب چمیدن آغاز کردہ دیر صفحۂ گلشن خط ریحاں

تازہ حسن بخز... پذیرفتہ۔ باوجود صغر سن از دانش وفضل نصیبے وافی داشت و از فہم فراست بہرۂ کافی۔

حل الفاظ دقیق

بساتین = جمع بُستان = باغات
سرابستاں = پائیں باغ
آبسال = بوستاں
فرادیس = جمع فردوس۔ جنت

خطِ ریحاں = سبزہ آغاز
وافی = پورا
بہرۂ کافی = کافی حصہ
صغرِ سن = بچپن

مشق بست و پنجم

دید موسیٰ یک شبانی را بہ راہ
کو ہمی گفت "اے کریمی وائے اللہ
تو کجائی! تا شوم من چاکرت
چارقت دوزم، کنم شانہ سرت
جامہ ات شویم، شپشہا ات کشم
شیر پیشت آورم" اے محتشم
دستکت بوسم بہ عالم پایکت
وقت خواب آید بہ روبم جائکت
اے فدائی تو ہمہ بزہا ئے من
اے بہ یادت ہی ہی وہی ہائے من
ایں نمط بیہودہ می گفت آں شباں
گفت موسیٰ باکیست ایں اے فلاں
گفت "باآں کس کہ مارا آفرید
ایں زمین و چرخ ازد آمد پدید"

حل الفاظ دقیق

شبان = گڈریا۔ چرواہا
کریم = سخی۔ بزرگ۔ مردِ خدا
نمط = طریقہ

شپشہا = چیلر۔ جوں
محتشم = عزت والا۔
جامہ ات = تیرے کپڑے۔

مشق بست و ششم

به مطلب می رسد جویائے کام آہستہ آہستہ
